سوال

فرقہ تیجانیہ بہت بڑا بدعتی فرقہ ہے

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

طریقہ تیجانیہ کے متعلق اور حالت بیداری میں نبی اکرمa کی زیارت کے متعلق آپ لوگوں کا کیا عقیدہ ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!
الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

فرقہ تیجانیہ کفر گمراہی اور دین میں غیر شرعی بدعتیں ایجاد کرنے میں سب فرقوں سے بڑھ کر ہے ۔ اس سے پہلے بھی مجلس افتاء سے اس کے متعلق سوال کیا گیا تھا اور مجلس نے ان کی بدعتوں اور گمراہیوں کے متعلق ایسا مقالہ لکھا تھا !

!وہ مقالہ آئندہ صفحات میں پیش خدمت ہے ۔

اور بعض صوفیوں کا یہ دعویٰ بالکل بے بنیاد اور غلط ہے کہ انہیں حالت بیداری میں رسول اللہ ﷺ کی زیارت ہوجاتی ہے ۔ نبی اکرم ﷺ کی زیارت صرف قیامت کے دن ہوگی جب سب لوگ قبروں سے اٹھیں گے اور صحیح حدیث میں رسول اللہ ﷺ کا یہ ارشاد بھی مروی ہے کہ :

(أَنَا أَوَّلُ مَنْ تَنْشَقُّ عَنْهُ الْأَرْضُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ)

’’قیامت کے دن سب سے پہلے میری قبر شق ہوگی ۔‘‘
ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ دارالسلام

ج1